© rasailojaraid.com

نہایت عمدہ اور مفید مقدمہ ہے، اصولی تجزیہ، مستحکم دلائل اور ٹھوس معلومات کے اعتبار سے یہ اپنے موضوع پر ایک منفرد چیز ہے، حضرت شارح دامت برکاتہم کے اسلوب میں وسعت اور عمق دونوں پائے جاتے ہیں۔ اردو میں اس سے زیادہ مبسوط اور مفصل شرح جو معقول و منقول دونوں کو جامع ہو، ہماری نظر سے نہیں گزری۔ شرح نہ صرف طلبہ بل کہ ''مشکاۃ شریف'' کے اساتذہ کے لئے بھی ایک بہترین رہنما ثابت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس کی بقیہ جلدوں کی بھی تکمیل کی توفیق عطا فرمائے اور یہ علمی سرمایہ جلد از جلد بحسن وخوبی منظر عام پر آئے۔ کتاب کی کمپوزنگ، سیٹنگ، کاغذ، ٹائٹل وغیرہ مناسب ہیں۔

**میت کے متعلق مسائل** : **تالیف**: ابوحذیفہ شاہد محمود۔ **ناشر**: ادارۃ الحمود چٹی ڈھیری مانسہرہ۔
**سائز**: 36/16×23۔ **صفحات**: 176۔ **قیمت**: درج نہیں۔

اس کتاب میں عیادت مریض، قریب الموت کے احکام وعلامات، وصیت سے لے کر تجہیز وتکفین، تقسیم میراث، اقسام ورثاء، ایصال ثواب، تعزیت، بیوہ کی عدت، جنازہ، حیلۂ اسقاط وغیرہ تمام مراحل سے متعلق احکام ومسائل انتہائی شرح وبسط کے ساتھ عام فہم انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ اس موضوع پر سب سے زیادہ مفصل کتاب عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ عارفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب ''احکام میت'' ہے، جس کی نظیر کسی بھی زبان میں نہیں، زیر نظر کتاب بھی کافی حد تک اس حوالے سے جامع اور مفصل ہے۔ جس میں ہر بات باحوالہ اور مستند ہے۔ یہ کتاب ہر مسلمان گھرانے کی ضرورت ہے۔ امید ہے اردو خواں طبقہ اس کی کماحقہ پذیرائی کرے گا۔

البتہ بعض ادعیہ مبارکہ کے ضبط میں غلطیاں ہیں جن سے معنی بگڑ سکتے ہیں۔ اگلے ایڈیشن میں ان کی اصلاح کر لی جائے۔ نیز کتاب کی سیٹنگ میں بھی سلیقہ مندی عنقاء ہے۔

**تلخیص ادلّہ** : **تالیف**: عبدالوحید معاویہ۔ **ناشر**: عرفان اللہ معاویہ 0344-2628300
**سائز**: 36/16×23۔ **صفحات**: 318۔ **قیمت**: درج نہیں۔

غیر مقلدین عرصہ دراز سے اور بڑے زور وشور سے یہ منظم پروپیگنڈہ کرتے آرہے ہیں کہ احناف حدیث پر عمل نہیں کرتے اور قرآن وحدیث کے مقابلہ میں قیاس کو ترجیح دیتے ہیں، گویا یہ طائفہ اس سوچ کا حامل ہے کہ فروعی اختلافات کو اچھال کر اور ان کو جواز بنا کر مذاہب فقہیہ کے پیروکاروں خصوصاً احناف پر تکفیر وتفسیق کا حکم لگایا جائے۔ چنانچہ علمائے احناف نے اس بے بنیاد پروپیگنڈے کے توڑ میں عربی اردو وغیرہ مختلف زبانوں میں کئی گراں قدر کتب تالیف کیں۔ ان کتب میں جس کتاب کو سب سے زیادہ پذیرائی حاصل ہوئی وہ مولانا انوار خورشید صاحب کی کتاب ''حدیث اور اہلحدیث'' ہے۔ ایک ہزار کے قریب صفحات پر مشتمل یہ کتاب اپنے موضوع پر انتہائی مبسوط وجامع کتاب ہے۔ جس میں فاضل مؤلف نے مسائل احناف کو قرآن وحدیث سے ثابت کر کے غیر مقلدین کو دندان شکن جواب دیا ہے...... مگر



© rasailojaraid.com